16-07-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کی حکومت نظم و نسق میں شفافیت کو اولین ترجیح دیتی ہے۔

......ریٹائرڈ جسٹس ایل نرسمہا ریڈی، جو بی آر ایس دور حکومت کے دوران پاور سیکٹر میں مبینہ بے قاعدگیوں پر کمیشن آف انکوائری کی سربراہی کر رہے تھے، نے استعفیٰ دے دیا ہے۔

......ریاستی وزیر خواتین و بہبودی اطفال سیتا کا نے آج آنگن واڑی اساتذہ اور ہلپرس کے لئے ریٹائرمنٹ پیاکج کا اعلان کیا۔

......بی آر ایس نے آج اسمبلی اسپیکر گڈم پرسا دکمار پر زور دیا کہ وہ ان تمام 10 بی آر ایس ایم ایل ایز کو نا اہل قرار دیں جنہوں نے حکمراں کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔

......ریاست تلنگانہ میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران مختلف مقامات پر تیز بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

REV-CONFERENCE

چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کی حکومت نظم و نسق میں شفافیت کو اولین ترجیح دیتی ہے۔انہوں نے اضلاع کے ضلع کلکٹروں اور پولیس سپر نٹنڈنٹس سے کہا کہ وہ  زمینی سطح پر عوام کے مسائل کو حل کریں۔آج حیدر آباد میں سکریٹریٹ میں خطاب کرتے ہوئے چیف منسٹر نے انہیں ترقی اور بہبود میں توازن پیدا کرنے اور فلاحی پروگراموں کو آخری فرد تک پہنچانے کو یقینی بنانے کی تلقین کی۔انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ حکومت اور عوام کے درمیان پل کی طرح کام کریں۔وزیر اعلیٰ نے ضلعی حکام سے کہا کہ وہ عوامی مسائل کے حل کے لیے مزید دورے کریں۔یہ بتاتے ہوئے کہ چھ ضمانتوں کو نافذ کرنے کی ذمہ داری ضلع کلکٹروں پر عائد ہوتی ہے، انہوں نے خواتین کو بااختیار بنانے کو ترجیح دی۔انہوں نے ان سے کہا کہ وہ مہیلا شکتی میں خواتین کی تعداد کو موجودہ 64 لاکھ ممبروں سے بڑھا کر ایک کروڑ تک کرنے کے لیے ایک خصوصی مہم شروع کریں اور 5 سالوں میں ایک لاکھ کروڑ قرض دینے کی سمت کام کریں۔انہوں نے ان سے راشن کارڈ کو آروگیہ شری اسکیم سے نہ جوڑنے کو کہا اور ان سے کہا کہ وہ ریاست میں سبھی کو صحت کی خدمات کو یقینی بنانے کے لیے پوری کوشش کریں۔وزیر اعلی نے یہ بھی کہا کہ وہ سرکاری ہسپتالوں میں ہر بیڈ کو ایک سیریل نمبر فراہم کریں اور قبائلی علاقوں میں صحت کی سہولیات کو بہتر بنائیں۔انہوں نے عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ وہ آر ایم پیز کو تربیت فراہم کرنے اور اس سلسلے میں ایک جی او جاری کرنے کا جائزہ لیں۔وزیر اعلیٰ نے اضلاع سے کہا کہ وہ 15 اگست تک تمام زیر التواء دھرانی مسائل کو حل کریں اور قبضے کو روکنے کے لیے سرکاری زمینوں کو جیو ٹیگ کریں۔انہوں نے جھیلوں اور سرکاری زمینوں کو غیر مجاز قبضوں سے بچانے پر بھی زور دیا۔نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرمارکا، کئی وزراء۔چیف سکریٹری شانتی کماری اور مختلف محکموں کے سینئر افسران بھی میٹنگ میں موجود تھے۔

LOAN WAIVER

حکومت کی جانب سے کسانوں کے قرض معافی ایک لاکھ روپئے اٹھارہ تاریخ کو معاف کئے جائیں گے۔ اوراسی دن رعیّتو ویدیکا میں قرض معافی کے مستحقین کے ساتھ تقریب جشن منعقد ہوگا۔ جس میں وزراء۔ ایم ایل ایز۔ ایم ایل سیز اورعوامی نمائندے شرکت کریں گے۔ حکومت کی جانب سے بینکرس کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ قرض معافی کے نام پرلوگوں کو گمراہ نہ کریں اور دوسروں کے کھاتوں میں رقم جمع کرنے پرسخت کاروائی کی جائے گی۔

CROP LOAN

وزیراعلی ریونت ریڈی نے واضح کیا کہ دولاکھ روپئے فصل قرض کی رقم واپسی۔ راشن کارڈ کے اساس پرنہیں بلکہ اراضی پاس بک کی اساس پرہوگی۔ کلکٹرس کی کانفرنس کے موقع پروزیراعلی نے اس بات کی وضاحت کی۔

JUSICE REDDY

ایک اہم پیش رفت میں، ریٹائرڈ جسٹس ایل نرسمہا ریڈی، جو بی آر ایس دورحکومت کے دوران پاورسیکٹر میں مبینہ بے قاعدگیوں پرکمیشن آف انکوائری کی سربراہی کر رہے تھے، نے آج اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ یہ فیصلہ جسٹس ریڈی نے سپریم کورٹ کی زبانی ناپسندیدگی کے بعد کیا ہے، جس سے ان کی غیر جانبداری پرشکوک پیدا ہوئے۔ سپریم کورٹ کی بنچ نے سابق چیف منسٹر کے چندرشیکھرراؤ کی طرف سے دائر درخواست کی سماعت کرتے ہوئے تلنگانہ حکومت سے کہا کہ وہ بی آر ایس دورحکومت میں بجلی کی خریداری میں مبینہ بے قاعدگیوں کی تحقیقات کرنے والے کمیشن کے موجودہ سربراہ کی جگہ کوئی متبادل نام تجویز کرے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کی زیرقیادت بنچ نے موجودہ چیئرمین کے اقدامات کونامناسب سمجھا، خاص طور پر جاری کیس پررائے کا اظہار کرنے کے لیے پریس میٹنگ کا انعقاد کیا تھا۔ ایک بیان میں جسٹس نرسمہا ریڈی نے بتایا کہ کمیشن کی طرف سے پریس بریفنگ دی جارہی ہے۔

CHOUHAN

مرکزی وزیرزراعت و بہبودی کسان شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ سائنسدانوں کو پیداوار کی مقدار بڑھانے کے لیے کسانوں کے ساتھ براہ راست رابطے میں آنے کی ضرورت ہے۔ چوہان نے یہ بات نئی دہلی میں انڈین کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ کے 96 ویں یوم تاسیس کا افتتاح کرنے کے بعد کہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے مقررکردہ اہداف کوحاصل کرنے کے لیے جن میں کسانوں کی آمدنی دوگنی کرنا بھی شامل ہے۔ سائنسدانوں، یونیورسٹیوں اور کالجوں سے لے کر کرشی وگیان کیندروں سے زرعی اراضی تک متحد ہوکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ چوہان نے کہا کہ زراعت حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیرموصوف نے اس بات پربھی روشنی ڈالی کہ ملک نہ صرف اناج کی پیداوار میں خودکفیل ہوا ہے بلکہ اس نے ماہی گیری اور دودھ کی پیداوار میں بھی بے مثال ترقی حاصل کی ہے۔ انہوں نے سائنسدانوں پر زوردیا کہ وہ پیداوار کومتاثر کیے بغیر نامیاتی کاشتکاری پر توجہ دیں۔

EATELA

بی جے پی کے سینئر لیڈر رای راجندر نے آج الزام لگایا کہ ریاست میں کانگریس حکومت عوام کا اعتماد کھو چکی ہے۔ حیدرآباد میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ای راجندر نے کہا کہ کوئی بھی حکومت اگر کسانوں کے تیئں بے حسی ظاہر کرے گی تو ترقی نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کے منشور نے کسانوں کے درمیان اپنی ساکھ کھو دی ہے جس طرح سے فصلوں کے قرض کی معافی کے پروگرام کے لیے رہنمایانہ خطوط وضع کیے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی طرف سے جاری کردہ رہنمایانہ خطوط لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فی خاندان ایک قرض کی معافی اور اہلیت کی بنیاد کے طور پر راشن کارڈ جیسے رہنمایانہ خطوط قرض کی معافی کے مقصد کو ہی ختم کر دیں گے۔ ان کے مطابق اس طرح کے فیصلے سے زیادہ تر کسانوں کو قرض معافی کا فائدہ نہیں ملے گا۔

ANGANWADI

ریاستی وزیر خواتین و بہبودی اطفال سیتا کان نے آج آنگن واڑی اساتذہ اور ہلپرس کے لئے ریٹائرمنٹ پیا کج کا اعلان کیا۔ پیا کج کے حصے کے طور پر آنگن واڑی اساتذہ کو دو لاکھ روپئے اور مددگاروں کو ایک لاکھ روپئے دیئے جائیں گے۔ حیدرآباد کے جوبلی ہلز رحمت نگر میں اماں ماٹا۔ آنگن واڑی باٹا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ستیا کانے بتایا کہ اندورن تین یوم اس ضمن میں جی او جاری کیا جائے گا۔ جبکہ محکمہ فینانس نے فائل کو کلئیر کر دیا ہے۔ انہوں نے تمام لوگوں سے تعاون کرنے اور اس پروگرام کو کامیاب بنانے کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ آنگن واڑی کارکنان والدین کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنے بچوں کو آنگن واڑی مراکز میں داخلہ دلوائیں۔ اور یہاں بتایا جائے کہ کارپوریٹ ڈے کیئر سنٹرس کے معیار کے مطابق تعلیم دی جا رہی ہے۔ خواتین واطفال کے بہبود کی سکریٹری وی کرونا ۔ کمشنر کانت ویزلی اور رحمت نگر کے کارپوریٹرسی این ریڈی نے پروگرام میں شرکت کی۔

EXAMNATION

مرکز نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ پولیس اسٹیشنوں اور محکمہ پولیس کے زیر کنٹرول مقامات کو گواہوں کی جانچ کے لیے جگہ کے طور پر متعین نہ کیا جائے۔ مرکزی داخلہ سکریٹری اجے بھلا نے اس سلسلے میں تمام ریاستوں کے چیف سکریٹریوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو مکتوب لکھا ہے۔ تمام پولیس اسٹیشنوں سے کہا گیا ہے کہ وہ بھارتی شہری تحفظ سنہتا، 2023 کے تحت آڈیو- ویڈیو الیکٹرانک ذرائع سے گواہوں کی جانچ کے لیے مخصوص جگہ کی نشاندہی کریں۔

BRS -SPEAKER

بھارت راشٹرا سمیتی (بی آر ایس) نے آج اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد کمار پر زور دیا کہ وہ ان تمام 10 بی آر ایس ایم ایل ایز کو نااہل قرار دیں جنہوں نے حکمراں کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ پارٹی کے کارگذار صدر کے تارک راما راؤ کی قیادت میں بی آر ایس قائدین کے ایک وفد نے اسپیکر سے ملاقات کی اور ایک میمورنڈم پیش کیا۔ راما راؤ نے میٹنگ کے بعد میڈیا کو بتایا کہ انہوں نے ٹرن کوٹ ایم ایل اے کو اینٹی ڈیفیکشن ایکٹ کے تحت نااہل قرار دینے کا مطالبہ کیا۔ بی آر ایس لیڈر نے کہا کہ چونکہ پارٹی نے پہلے ہی اسپیکر سے خیرت آباد کے ایم ایل اے ڈی ناگیندر کی نااہلی کی درخواست کی تھی، اس لیے انہوں نے باقی نو اراکین اسمبلی کو نااہل قرار دینے کا مطالبہ کیا۔ بی آر ایس

کے وفد نے اسپیکر سے مطالبہ کیا کہ وہ ان کی نا اہلی کی درخواست پر فوری فیصلہ کریں۔

WEATHER

اگلے پانچ دنوں کے دوران تلنگانہ میں الگ الگ مقامات پر یا چند مقامات پر موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے منچیر یال، جے شنکر بھوپال پلی، مولوگو، بھدرادری کوتھا گوڈیم، محبوب آباد، ورنگل اور ہنم کونڈہ اضلاع میں الگ الگ مقامات پر موسلا دھار سے تیز بارش کا امکان ہے۔موسمیاتی مرکز نے آج اپنی یومیہ موسم کی رپورٹ میں کہا کہ ریاست کے عادل آباد، نرمل، نظام آباد، جگتیال، جے شنکر بھوپال پلی، ملوگو اور کھمم اضلاع میں اگلے 72 گھنٹوں میں یہی صورتحال رہنے کا امکان ہے۔اسی مدت کے دوران تمام اضلاع میں الگ الگ مقامات پر یا ریاست میں الگ الگ مقامات پر بجلی کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ طوفانی بارشے کا امکان ہے۔رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ اسی دوران ریاست میں زیادہ تر مقامات پر بارش ہوئی۔

KTR

بھارت راشٹرا سمیتی (BRS) کے کارگزار صدر کے تارکا راما راؤ نے کانگریس حکومت پر زور دیا کہ وہ سرکاری اسکولوں میں طلباء کے لیے ناشتے کی اسکیم کو دوبارہ نافذ کریں۔انہوں نے اسکیم کی منسوخی پر مایوسی کا اظہار کیا۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ اپنے غیر دانشمندانہ فیصلے پر نظر ثانی کرے اور ناشتے کی اسکیم کو نافذ کرے۔بی آر ایس لیڈر نے یہ مطالبہ تمل ناڈو حکومت کی جانب سے اسکول کے طلباء کے لیے صبح کے ٹفن اسکیم کو بڑھانے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کیا۔کے ٹی آر نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارایکس پر ان خیالات کا اظہار کیا ہے۔

GOVERNOR

ریاستی گورنر رادھا کرشنن نے کہا کہ محرم قربانی کے جذبے کی علامت ہے جو بنی نوع انسان کی تمام خوبیوں سے بالاتر سمجھی جاتی ہے۔یہ نواسہ رسول حضرت امام حسین کی شہادت کی یاد منایا جاتا ہے جنہوں نے سچے عقیدے کے حصول میں بے لوث اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔محرم کا جوہر نیکی اور قربانی کو یاد کرنے میں مضمر ہے۔ہمیں محرم کے جذبے کی تقلید کرتے ہوئے انسانیت اور اسلام کے ایثار، امن اور انصاف کے نظریات کی تقلید کرنے کی کوشش کرنی ہوگی۔

ASSOCIATION

سابق نائب صدرنشین اردو اکیڈیمی ایس کے افضل الدین۔سکریٹری ٹی پی سی سی راشد خان۔تلنگانہ اردو کونسل کے صدرنشین سید مجتبیٰ عابدی کے علاوہ حیدر علی خان۔سید ہاشمی علوی۔اور سریدھر نے آج الاوہ بی بی دبیرہ پہونچ کر بی بی کے علم مبارک پر ڈھٹی کا نذرانہ پیش کیا۔مجتبیٰ عابدی۔حیدرخان۔اور ہاشمی علوی نے اس موقع پر حکومت اور انتظامیہ سے اپیل کی کہ وہ یوم عاشورہ اور بونال جلوس کے موقع پر موثر انتظامات کریں۔تاکہ عوام کو راحت ہو۔